# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT OF DELHI-54
# PRACTICE PAPER

MID TERM EXAMINATION (2022-23)

CLASS-IX

SUBJECT-URDU-B (303)

TIME:3 Hrs. M.M.:80

**عام ہدایات:**

i. اس سوال نامے میں کل 14 سوالات ہیں۔

ii. سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii. ہر سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

iv. جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

**1- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** **1x5=5**

رابندر ناتھ ٹیگور 7 مئی 1861 کو کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد مہارشی ایک صوفی منش بزرگ تھے۔ ان کی ساری زندگی ایشور بھکتی اور غریبوں کی مدد کرنے میں گزری۔ اپنے زمانے کے مشہور عالم تھے۔ بنگالی سنسکرت اور ہندی کے ساتھ ساتھ اردو اور فارسی زبانیں بھی اچھی خاصی جانتے تھے۔ سچے دیش بھگت تھے اور شب و روز قوم و ملک کی بہبودی کی فکر میں لگے رہتے تھے۔ ٹیگور کے خاندان میں بچوں کی تعلیم و تربیت اسی مخصوص ڈھنگ سے دی جاتی تھی جس پر صدیوں ہندوستان کی تہذیب و تمدن کو فخر رہا ہے۔ صبح سویرے اٹھنا، منھ ہاتھ دھو کر درشن کے لیے اکھاڑے پر پہنچ جانا، اکھاڑے سے نکلتے ہی اسکول چلا جانا۔ تمام دن اسکول میں گزار کر سہ پہر کو جب یہ بچے واپس آتے تو گھر پر پڑھانے والوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا اور رات 9 بجے انھیں قیدیوں کی طرح سونے پر مجبور کر دیا جاتا۔ ٹیگور بنگال کے ممتاز ترین امیر خاندان سے تعلق رکھتے تھے مگر اس خاندان میں اپنے بچوں کی تربیت کا ڈھنگ بھی بس نمونے کا تھا۔ بچوں کے لیے نہ تو قیمتی کپڑوں کا اہتمام تھا، نہ اچھے اچھے مرغن کھانوں کا، نہ عیش و آرام کا وہ تمام سامان فراہم کیا گیا تھا جس نے آج نسلوں کو برباد کر دیا ہے۔ خود ٹیگور معمولی قمیص اور پاجامہ پہنتے۔ عام طور سلیپروں کا ایک جوڑ املا کرتا تھا۔ گھر پر زیادہ تر ننگے پاؤں رہتے تھے۔

i رابندر ناتھ ٹیگور کہاں پیدا ہوئے؟

A لکھنؤ میں

B دہلی میں

C کلکتہ میں

D جے پور میں

ii رابندر ناتھ ٹیگور کے والد کی زندگی کس طرح کے کاموں میں گزری؟

A دولت کمانے اور ایشور بھکتی میں

B زراعت اور ایشور بھکتی میں

C ایشور بھکتی اور غریبوں کی مدد میں

D ایشور بھکتی اور امیروں کی مدد میں

iii رابندر ناتھ ٹیگور کس طرح کا لباس پہنتے تھے؟

A معمولی قمیص اور پاجامہ

B انتہائی زرق برق لباس

C رنگین شلوار اور کرتا

D سفید دھوتی اور کرتا

iv بچوں کو رات 9 بجے کس کی طرح سونے پر مجبور کر دیا جاتا تھا؟

A قیدیوں

B نوابوں

C کھلاڑیوں

D امیروں

v عیش و آرام کے سامان نے آج کی نسلوں پر کیا اثر ڈالا ہے؟

A مثبت اثر ڈالا ہے

B برباد کر دیا ہے

C علم سے قریب کر دیا ہے

D سنوار دیا ہے

2- درج ذیل غیر درسی شعری حصے کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 1x5=5

کتنی پیاری پتنگ ہے میری — دیکھ کر عقل دنگ ہے میری
کیسے خوش رنگ، رنگ ہیں اس کے — رنگ کیا شوخ و شنگ ہیں اس کے
آسمانوں میں جا کے اڑتی ہے — ڈولتی ہے، ادا سے مڑتی ہے
ڈور بھی کاٹ دار ہے اس کی — مثل تلوار دھار ہے اس کی
اوپر اٹھتی ہے نیچے آتی ہے — دائیں اور بائیں گھوم جاتی ہے

i ڈور کی دھار کس کی طرح ہے؟

A تلوار کی

B چاقو کی

C پانی کی

D شیشے کی

ii شاعر نے کس کے رنگ کو خوش رنگ کہا ہے؟

A آسمان کے

B تلوار کے

C پتنگ کے

D کپڑے کے

iii پتنگ کو دیکھ کر کس کی عقل دنگ ہے؟

A شاعر کی

B وکیل کی

C ڈاکٹر کی

D جج کی

iv پتنگ کہاں جا کر اڑتی ہے؟

A باغوں میں

B ریگستانوں میں

C سمندروں میں

D آسمانوں میں

v پتنگ کس کے سہارے اوپر نیچے ہوتی ہے؟

A ڈور کے

B سورج کے

C رنگوں کے

D طوفان کے

**3-درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔** 10

i یوم آزادی

ii ہولی

4- اپنی والدہ کے نام خط لکھ کر اپنی کامیابی کے بارے میں بتائیے۔ 5

**یا**

بہن کی شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کے لیے درخواست لکھیے۔

**5- دی ہوئی ہدایات کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:** 1x12=12

i. 'لطف اُٹھانا' کا کیا مطلب ہے؟

A مزہ لینا

B ہنسی اڑانا

C غصہ کرنا

D نفرت کرنا

ii. حامد آگرہ گیا، وہاں سے وہ کتاب لایا۔ اس جملے میں 'وہ' کیا ہے؟

A اسم

B ضمیر

C صفت

D تشبیہ

iii. شیاما دوڑ کر ٹوکری اٹھا لائی۔ اس جملے میں 'ٹوکری' کیا ہے؟

A اسم

B ضمیر

C صفت

D جمع

iv. 'تکلیف' کی جمع کیا ہے؟

A تکلف

B تکالیف

C تکالیفوں

D پریشانیاں

v. 'خواہشات' کا واحد کیا ہے؟

A خواہشوں

B خواہش

C خواہشاتوں

D تمناؤں

vi. 'رگھوپت سنگھ' اپنے قول کا پکا تھا۔ اس جملے میں 'رگھوپت سنگھ' کیا ہے؟

A صفت

B تشبیہ

C ضمیر

D اسم

vii. 'حقوق' کا واحد کیا ہے؟

A حقائق

B حق

C حقیقت

D سچائی

viii. 'ستیاناس' کا کیا مطلب ہے؟

A صداقت

B برباد

C انتخاب

D بہادر

ix. نظم 'ہندو مسلمان' کے شاعر کون ہیں؟
A اختؔر شیرانی
B سورج نرائن مہؔر
C تلوک چند محرؔوم
D اسمٰعیل میرٹھی
x. شیاما کس کی بہن ہے؟
A سنیل کی
B کیشو کی
C رگھوپت کی
D شیامو کی
xi. حامد کس کے ساتھ چڑیا گھر دیکھنے گیا؟
A والد کے
B چچا کے
C بھائی کے
D دوست کے
xii. مولا بخش کس کا نام تھا؟
A ہاتھی کا
B گھوڑے کا
C فیل بان کا
D بادشاہ کا

**6-درج ذیل درسی نثری اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 1x5=5**

بہت دنوں کا ذکر ہے جب ہر جگہ نیک لوگ بستے تھے اور دغا فریب بہت ہی کم تھا۔ ہندو مسلمان ایک دوسرے کا خیال رکھتے تھے۔ کوئی کسی پر زیادتی نہیں کرتا تھا اور جو جس کا حق ہوتا تھا، اسے مل جایا کرتا تھا۔ ان دنوں ایک شہر تھا: عادل آباد۔ اس عادل آباد میں ایک بہت دولت مند دکان دار تھا۔ دور دور کے ملکوں سے اس کا لین دین تھا۔ اس کے پاس ایک گھوڑا تھا جو اس نے بہت دام دے کر ایک عرب سے خریدا تھا۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ وہ دکان دار تجارت کی غرض سے گھوڑے پر سوار ہو کر جا رہا تھا کہ بے خیالی میں شہر سے بہت دور نکل گیا اور ایک جنگل میں جا نکلا۔ ابھی یہ اپنی دھن میں آگے جا ہی رہا تھا کہ پیچھے سے چھے آدمیوں نے اس پر حملہ کر دیا۔

i دکان دار پر کتنے آدمیوں نے حملہ کیا؟
A سات
B آٹھ
C چھے
D پانچ

ii دکان دار کس غرض سے گھوڑے پر سوار ہو کر جا رہا تھا؟

A تجارت کی

B تعلیم کی

C سیر و تفریح کی

D اپنے علاج کی

iii بہت دنوں پہلے ہر جگہ کیسے لوگ بستے تھے؟

A برے لوگ

B نیک لوگ

C شاطر لوگ

D کمزور لوگ

iv دکان دار نے گھوڑا کس سے خریدا تھا؟

A عرب سے

B ڈاکٹر سے

C وزیر سے

D نواب سے

v دولت مند دکان دار کہاں کا رہنے والا تھا؟

A حیدرآباد کا

B عادل آباد کا

C مرادآباد کا

D غازی آباد کا

**7- درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔** 1x5=5

سنو! یہ کیسی آواز آ رہی ہے — کوئی گاؤں کی لڑکی گا رہی ہے
فضا پر، بستیوں پر، جنگلوں پر — دھواں دھار ایک بدلی چھا رہی ہے
چھما چھم مینہ کی بوندیں پڑ رہی ہیں — کہ ساون کی پری کچھ گا رہی ہے
ہوا کی سرسراہٹ ہے کہ فطرت — پرانی زندگی دہرا رہی ہے
یہ گھر سسرال ہوگا شاید اس کا — جبھی ماں باپ کی یاد آ رہی ہے
جبھی مصروف ہے آہ وفغاں میں — جبھی غمگین لے میں گا رہی ہے

i درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

A ہندو مسلمان

B چھٹی کا دن

C ایک دیہاتی لڑکی کا گیت

D بہادر بنو

ii فضاؤں، بستیوں اور جنگلوں پر کیا چھا رہی ہے؟

A دھواں دھار ایک بدلی

B سورج کی تیز روشنی

C ساون کی پری

D ہوا کی سرسراہٹ

iii جب مینہ کی بوندیں پڑتی ہیں تو کیسی آواز آتی ہے؟

A ٹھنا ٹھن

B چھما چھم

C ٹنا ٹن

D کھنا کھن

iv 'آہ و فغاں' سے کیا مراد ہے؟

A دکھ درد

B خوشی

C پکارنا

D بارش

v لڑکی کو کس کی یاد آ رہی ہے؟

A دوستوں کی

B ماں باپ کی

C اپنے شہر کی

D اپنے اسکول کی

**8- دیے ہوئے لفظوں کی مدد سے ذیل کے جملوں کو مکمل کیجیے۔** 1x4=4

پاپ ٹوٹی دفتر کانپ بچے

i کیشو دل میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رہا تھا۔

ii پانی کی پیالی بھی ایک طرف۔۔۔۔۔پڑی ہے۔

iii کیشو کے سر اس کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پڑے گا۔

iv بابو جی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔گئے ہوئے تھے۔

**9- دی ہوئی ہدایت کے مطابق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔**

i درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کے متضاد لکھیے۔ 1x2=2

کامرانی سربلند نقصان

ii درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2x2=4

آنکھ سے اوجھل ہونا دم روکنا دریا اترنا

iii درج ذیل میں سے صرف دو کے مذکر لکھیے۔ 1x2=2

چڑیا گھوڑی بہن

iv 'بے' سابقہ لگا کر دو مرکب لفظ بنائیے۔ 1x2=2

**10- درج ذیل جملوں میں فعل (زمانہ) کی نشاندہی کیجیے۔ 1x2=2**

i. اماں جی سے کہہ دوں گی۔

ii. دونوں بچے آرام کر رہے ہیں۔

**11- درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5**

i. بہادر شاہ کا ہاتھی

ii. نادان دوست

**12- درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال لکھیے۔ 5**

i. ہندو مسلمان

ii. ایک پوداا اور گھاس

**13- درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2x2=4**

i ناانفاقی کو آزار جاں کیوں کہا گیا ہے؟

ii شیاما کو اپنے بھائی کیشو پر کیوں ترس آیا؟

**14- درج ذیل سوا لوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 1x3=3**

i. کنگارو کی غذا کیا ہے؟

ii. ہاتھی کی روٹی کیسی ہوتی تھی؟